ABC Certified
اسلام آباد، کراچی، مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا اکثیر الاشاعت قومی اخبار
THE DAILY SARKAR ISLAMABAD
روزنامہ سرکار اسلام آباد
Reg.No1009
Mem. CPNE
news@dailysarkar.com.pk
چیف ایڈیٹر
ملک صدیق اعوان
جلد 20 | پیر 21 ستمبر 08ربیع الثانی 1448ھ صفحات 8 قیمت 30روپے | شمارہ 37

حافظ نعیم کی قیادت میں کراچی سے سپر ٹرین مارچ کا آغاز، کارکنوں نے الوداع کیا

حکومت کے پاس صرف ایک ہی راستہ ہے کہ لیوی بھتہ ختم کرے، حکمت عملی کے مطابق لوگ اسلام آباد روانہ ہو چکے ہیں

حکومتی پالیسی سے عوام بدترین پریشانی کا شکار، ایسا نہ ہو کہ احتجاج حکومت گراؤ تحریک میں بدل جائے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی قیادت میں پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے کے لیے کراچی سے سپر ٹرین مارچ کا آغاز ہو گیا۔ کراچی کینٹ ریلوے اسٹیشن پر کارکنوں کی بڑی تعداد نے حافظ نعیم الرحمن کو الوداع کیا، جس کے بعد ڈرگ روڈ اور لانڈھی ریلوے اسٹیشن پر بھی کارکن بڑی تعداد میں اپنے قائد کو رخصت کرنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کے پی حکومت عوام کا اعتماد کھو چکی، قبل از وقت الیکشن کا واحد پیپر جاری کرنے کا فیصلہ

کے پی حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مشکلات میں اضافہ کر رہی ہے، غلام مصطفیٰ ملک

حکومت کا کام مزاحمتی تحریکیں چلانا نہیں، عوام کو ریلیف، امن اور تعمیر و ترقی فراہم کرنا ہے، انتخاب خان چمکنی

محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کی رہائش گاہ پہنچ گئے

شہید کے درجات بلندی کیلئے فاتحہ خوانی، والد کے بلند حوصلے اور جذبے کو سراہا

کیپٹن حمزہ اکرم نے 7 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے بہادری کی اعلیٰ مثال قائم کی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے شہید کے والد اور بھائی سے ملاقات کی اور دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



چیف آف دی ٹیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف میری ٹائم مشق سی اسپارک 2026 کے دوران سمندر اور کریکس کے علاقے میں بحری تنصیبات کا دورہ کر رہے ہیں

پٹرول کی قلت پیدا ہوئی تو فی لیٹر قیمت 1000 تک بھی جا سکتی ہے، وزیر پٹرولیم

خطہ نہایت نازک دور سے گزر رہا ہے، موجودہ صورتحال میں ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جا رہا ہے

سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملے قابل مذمت ہیں، وفاقی وزیر علی پرویز ملک کی لاہور میں میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت ایک ہزار روپے تک جانے کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ فی الحال ملک میں پیٹرول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کی کوئی قلت نہیں تاہم اگر قلت پیدا ہوئی تو فی لیٹر قیمت ایک ہزار روپے تک بھی جا سکتی ہے۔ وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ قوم آئندہ شیعے کے فیصلے قومی مفاد اور عملی ضروریات کے مطابق کیے جا رہے ہیں، موجودہ

گروپ کے اجلاس میں شرکت کریں گے، جس میں آپ کے تمام مسائل حل کریں گے اور علاقے کی ترقی کو یقینی بنائیں گے۔ پیپلز پارٹی شہید بینظیر بھٹو اور بابل بھٹو کی حکومت ہے اور عوام ہی کی تھرانی

صورتحال میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جا رہا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ عالمی تیل منڈیوں میں بھونچال آیا ہوا ہے، کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں اور

صورتحال میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جا رہا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ عالمی تیل منڈیوں میں بھونچال آیا ہوا ہے، کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں اور

ہنگو، سکیورٹی فورسز کا آپریشن، 8 دہشتگرد ہلاک، 6 جوان شہید

شہید ہونے والوں میں کیپٹن ابوزر فاروق، اور لیفٹیننٹ شیراز بابر شامل ہیں

بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن جاری ہے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں سکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 8 خوارج دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا جبکہ 6 جوان شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق ضلع ہنگو میں سکیورٹی فورسز کے قافلے اور خوارج کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں معرکہ آرائی کے دوران بھارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)



ہنگو دہشتگردوں کے ساتھ مقابلے میں شہید ہونے والے افسران و جوانوں کی فائل فوٹو

کوہاٹ حملہ افغانستان میں جڑیں رکھنے والے خوارج نے کیا، وزارت اطلاعات

افغانستان میں دہشت گرد پناہ گاہیں، بھرتیاں پاکستان کی سلامتی کیلئے براہ راست خطرہ ہیں، دفاع کیلئے ہر ضروری اقدام ہوگا

افغان وزارت خارجہ کی کوہاٹ حملے کی مذمت کافی نہیں، زبانی ہمدردی کو ٹھوس، قابل تصدیق کارروائیوں میں بدلنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت اطلاعات و نشریات نے کہا ہے کہ کوہاٹ حملہ افغانستان میں جڑیں رکھنے والے بدترین خوارج نے کیا ہے، افغانستان میں دہشت گردوں کی پناہ گاہیں اور بھرتیاں پاکستان کی سلامتی کے لیے براہ راست خطرہ ہیں تاہم پاکستان اپنے شہریوں، حدود اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی قوانین کے دہشت گرد گروپس کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

وفاقی حکومت بجلی کی خرید و فروخت سے دستبرداری کا اعلان

بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے، وزیر توانائی اویس لغاری

عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ پانچ سال میں 800 میگاواٹ کی نیلامی کی جائیگی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اویس احمد خان لغاری کا کہنا تھا کہ عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ پانچ سال میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)



لاہور، بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنیں میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

امام مالک کیس کی سماعت آج، سکیورٹی سخت کرنے کے احکامات

ایس ایس پی کو بھی سکیورٹی بڑھانے اور ضروری انتظامات یقینی بنانے سے آگاہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) کیپٹن (ر) بیگم امامہ مالک کیس کی سماعت آج پیر 21 ستمبر کو ہوگی، جس کے پیش نظر احاطہ عدالت میں داخلے پر پابندی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق انسداد دہشتگردی عدالت کی سکیورٹی سخت کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔ سماعت کے موقع پر امیدواروں اور وکلا کے علاوہ غیر متعلقہ افراد کے احاطہ عدالت میں داخلے پر پابندی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق انسداد دہشتگردی عدالت کی اہم سماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم کینٹ ریلوے سٹیشن پر کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

صدر زرداری کی آرمینیا کو 35 ویں یوم آزادی پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمہوریہ آرمینیا کے 35 ویں یوم آزادی کے موقع پر آرمینیا کی حکومت اور عوام کو پرتپاک مبارکباد پیش کی ہے۔ صدارتی سیکرٹریٹ کے میڈیا ونگ کی جاب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



مظفر آباد، برطانوی خاتون سیاہ کے دورے کے موقع پر سکیورٹی اہلکار الرٹ کھڑے ہیں

قلات، سکیورٹی فورسز کی کارروائی، 5 دہشتگرد ہلاک، 23 مغوی بازیاب

دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں برآمد، اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی ضبط

قوم دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، آصف زرداری، شہباز شریف

راولپنڈی، اسلام آباد (این این آئی) خلات کے قریب سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 5 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ 23 مغوی بحفاظت بازیاب کروا لیے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق خلات کے قریب این 25 پر دہشتگردوں کی عوامی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشتگردوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



کیڈٹ کالج اسکارڈو کی سلور جوبلی تقریب کے شرکا کا گروپ فوٹو

پمز اسپتال نرسری میں آتشزدگی کے بعد این آئی سی ایچ میں بھی نومولود بچوں کو سنگین خطرات لاحق

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے پمز اسپتال میں نرسری میں آتشزدگی کے المناک واقعے کے بعد کراچی کے قومی ادارہ برائے صحت اطفال (این آئی سی ایچ) میں بھی نومولود بچوں کی زندگیوں کو لاحق سنگین فائر سیفٹی خطرات کے باوجود نرسری کے اندر کھلے عام ویلڈنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ مکمل

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ مکمل کر لیا گیا۔ جیل کے ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل آنے والی خصوصی میڈیکل ٹیم واپس روانہ ہو گئی، پمز اسپتال کے ڈاکٹر عارف خان میڈیکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

دارالحکومت کو میدانِ تصادم بنانے کی دھمکیاں عوام کے مفاد میں نہیں، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ دارالحکومت کو میدانِ تصادم بنانے کی دھمکیاں نہ جمہوری سیاست ہیں نہ عوام کے مفاد میں ہیں۔ راولپنڈی تحریک انصاف جنیو اکبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسحاق ڈار کا 11 رابطہ گروپ میں کشمیر و فلسطین کا مقدمہ اٹھائیں گے، وزیر خارجہ نیویارک روانہ

نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کریں گے

جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر عالمی رہنماؤں، او آئی سی وزرائے خارجہ کے اجلاسوں میں بھی شریک ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اکیاسی ویں اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک روانہ ہو گئے ہیں۔ دورے کے دوران نائب وزیر اعظم جموں و کشمیر کے بارے میں او آئی سی رابطہ گروپ کے اجلاس میں شرکت کریں گے، جس میں وہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کو اجاگر کریں گے۔ نائب وزیر اعظم اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر او آئی سی کے کئی وزارتی اجلاسوں میں بھی شرکت کریں گے، جن میں او آئی سی وزرائے خارجہ کا سالانہ رابطہ اجلاس اور او (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)



پشاور، وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے ہنگامات پیر مصور خان ترقیاتی کام کا افتتاح کر رہے ہیں

سیاسی مخالفین احتجاج کے بجائے عوامی مسائل کے حل اور ملکی ترقی پر توجہ دیں، مرزا محمد جاوید

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق رکن پنجاب اسمبلی مرزا محمد جاوید نے کہا ہے کہ سیاسی مخالفین احتجاج کے بجائے عوامی مسائل کے حل اور ملکی ترقی پر توجہ دیں، لاہور کے عوام نے فتنہ، فساد، انتشار اور راے بازی کی سیاست کرنے والوں کو ایک بار پھر مسترد کر دیا ہے، وزیر اعلیٰ نمبر

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ
موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم





موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت
800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت
مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں
STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف
جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے صوبہ کا نام پنجاب (P) کے بعد space دیں
STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ
بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010
چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہو گی
STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف
اسلام آباد I | پنجاب P
خیبر پختونخوا K | گلگت بلتستان G
سندھ S | بلوچستان B
آزاد جموں و کشمیر A



مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN
/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk
PID (I) 2699-D/26

PN&MC، 157 نرسنگ کالجز کی انسپکشن مکمل، طاقتور حلقوں کا دو درجن سے زائد کالجز کو فوری منظور کرانے کے احکامات کا انکشاف

PN&MC کی جانب سے ملک بھر کے 157 نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیز کی قواعد و ضوابط پر مشتمل انسپکشن کے بعد بعض اعلیٰ سرکاری شخصیات، وزارت صحت کے افسران اور بیوروکریسی نے ایکریڈیٹیشن اور لیٹرز کے اجرا کیلئے نرسنگ کونسل پر دباؤ ڈالنا شروع کر دیا

ہر طاقتور شخصیت کی طرف سے اپنی اپنی لسٹ دھما دی گئی کہ فوراً سے پہلے ان نرسنگ کالجز کی ایکریڈیٹیشن کمیٹی کا عمل مکمل کر کے انہیں خطوط جاری کیے جائیں نیز دیگر نرسنگ کالجز کے معاملات روکنے یا ان کی انسپکشنز منسوخ کرنے کی ہدایات بھی دی جا رہی ہیں

جبکہ دیگر نرسنگ کالجز جو میرٹ پر موجود ہیں انہیں ایک مخصوص تعداد سے زائد کالجز کی انسپکشن منظور نہ ہونے کی صورت میں اپنی لاکھوں روپے دی گئی انسپکشن فیسز اور اپنے کالجز کے انتظامی معاملات کو چلانے کیلئے لگائی گئی خطیر رقم ڈوبتی ہوئی نظر آ رہی

اگر انسپکشن، ایکریڈیٹیشن اور منظوری کے معاملات میں نرسنگ کالجز کے لیے الگ الگ معیار اختیار کیا گیا تو اس سے نہ صرف میرٹ اور شفافیت پر سوالات اٹھیں گے بلکہ نرسنگ ریگولیٹری نظام کی ساکھ بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ ذرائع

اگر انسپکشن مقررہ رولز اینڈ ریگولیشنز کے تحت ہوئی ہے تو حتمی فیصلہ بھی انہی معیارات کی بنیاد پر ہونا چاہیے، نہ کہ مختلف شخصیات کی مبینہ سفارش کردہ فہرستوں کی بنیاد پر۔ ذرائع

کیا 157 نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیز کے لیے ایک ہی میرٹ اور ایک ہی معیار لاگو ہوگا یا ایکریڈیٹیشن کے مرحلے پر پک اینڈ چوز کی پالیسی اختیار کرتے ہوئے مبینہ سفارشی لسٹوں پر عمل درآمد کیا جائیگا؟

اسلام آباد (سرکار انوسٹی گیشن سیل) PN&MC، 157 نرسنگ کالجز کی انسپکشن مکمل، طاقتور حلقوں کا دو درجن سے زائد کالجز کو فوری منظور کرانے کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل (PN&MC) کے تحت نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیوں کی انسپکشن کے معاملے نے ایک بار پھر سنگین سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل کی جانب سے ملک بھر کے 157 نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیوں کی قواعد و ضوابط کے مطابق کرائی گئی انسپکشن کے بعد نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیز کی ایکریڈیٹیشن اور لیٹرز کے اجرا کے معاملے پر بعض اعلیٰ سرکاری شخصیات، وزارت صحت کے افسران اور بیوروکریسی نے نرسنگ کونسل پر دباؤ ڈالنا شروع کر دیا اور ہر طاقتور شخصیت کی طرف سے اپنی اپنی لسٹ دھما دی گئی ہے کہ فوراً سے پہلے ان نرسنگ کالجز کی ایکریڈیٹیشن کمیٹی کا عمل مکمل کر کے انہیں خطوط جاری کیے جائیں۔ ذرائع نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ طاقتور شخصیات کی طرف سے دیگر نرسنگ کالجز کے معاملات روکنے یا ان کی انسپکشنز منسوخ کرنے کی ہدایات بھی دی جا رہی ہیں۔ ان اطلاعات کے بعد دیگر ایسے نرسنگ کالجز جنہوں نے قانونی اور کونسل کے مقررہ تقاضے پورے کیے ہیں ان میں تشویش پائی جا رہی ہے کیونکہ ایک مخصوص تعداد سے زائد کالجز کی انسپکشن منظور نہ ہونے کی صورت میں انہیں لاکھوں روپے دی گئی انسپکشن فیسز اور اپنے کالجز کے انتظامی معاملات کو چلانے کیلئے لگائی گئی خطیر رقم ڈوبتی ہوئی نظر آ رہی ہے جس کی وجہ سے PN&MC اور وزارت صحت دونوں پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں کہ PN&MC اپنی سرکاری ویب سائٹ پر خود کو ایک independent regulatory authority قرار دیتی ہے اور اداروں کی انسپکشن، تعلیمی معیار اور منظوری سے متعلق ریگولیٹری ذمہ داریاں بیان کرتی ہے لیکن اگر انسپکشن، ایکریڈیٹیشن اور منظوری کے معاملات میں نرسنگ کالجز کے لیے الگ الگ معیار اختیار کیا گیا تو اس سے نہ صرف میرٹ اور شفافیت پر سوالات اٹھیں گے بلکہ نرسنگ ریگولیٹری نظام کی ساکھ بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ اس لئے میرٹ پر انسپکشن کرانے والے نرسنگ کالجز نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اگر انسپکشن مقررہ رولز اینڈ ریگولیشنز کے تحت ہوئی ہے تو حتمی فیصلہ بھی انہی معیارات کی بنیاد پر ہونا چاہیے، نہ کہ مختلف شخصیات کی مبینہ سفارش کردہ فہرستوں کی بنیاد پر۔ اب اصل سوال یہ ہے کہ کیا 157 نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیز کے لیے ایک ہی میرٹ اور ایک ہی معیار لاگو ہوگا یا ایکریڈیٹیشن کے مرحلے پر پک اینڈ چوز کی پالیسی اختیار کرتے ہوئے مبینہ سفارشی لسٹوں پر عمل درآمد کیا جائیگا۔ ان سوالات کا جواب وزیر صحت، سیکرٹری اور کونسل حکام کا موقف سامنے آنے کے بعد صورتحال مزید واضح ہو سکے گی۔

157 نرسنگ کالجز کی انسپکشن مکمل، لیٹرز کا اجرا رکنے سے ہزاروں طلبہ کا مستقبل داؤ پر؟

انسپکشن مکمل ہونے کے باوجود ایکریڈیٹیشن لیٹرز جاری نہ ہونے پر کالج مالکان اور طلبہ میں تشویش کی لہر

تحفظات ہیں تو سرپرائز وزٹ اور قانونی کارروائی کا اختیار موجود، چند اداروں کی بنیاد پر سب کا عمل روکنے پر سوالات اٹھ گئے

کالج مالکان کا وزارت صحت سے مطالبہ: ایکریڈیٹیشن کمیٹی کے بعد تمام اہل اداروں کو فوری لیٹرز جاری کیے جائیں

اسلام آباد (سرکار انوسٹی گیشن سیل) ملک بھر کے نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیوں کے مالکان اور طلبہ نے حکومت اور وزارت صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ رولز و ریگولیشنز کے مطابق جن 157 نرسنگ کالجز و یونیورسٹیوں کی انسپکشن مکمل ہو چکی ہے، ان کے ایکریڈیٹیشن کمیٹی کے عمل کے بعد فوری طور پر لیٹرز جاری کیے جائیں۔ کالج مالکان کا کہنا ہے کہ انسپکشن کا عمل مکمل ہونے کے باوجود ایکریڈیٹیشن لیٹرز کے اجرا میں تاخیر سے اداروں کو چلانے میں مشکلات پیدا ہو رہی ہیں اور اس کا براہ راست اثر طلبہ کے تعلیمی مستقبل پر پڑ سکتا ہے۔ ان کا موقف ہے کہ اگر کسی ادارے کے حوالے سے معیار یا قواعد و ضوابط پر کوئی تحفظات موجود ہوں تو متعلقہ قانونی اختیار کے تحت سرپرائز وزٹ، دوبارہ معائنہ اور خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی کی جا سکتی ہے، مگر تمام اداروں کے ایکریڈیٹیشن عمل کو غیر معینہ مدت تک روکنا مناسب نہیں۔ نرسنگ کالجز کے مالکان اور طلبہ نے مطالبہ کیا ہے کہ کسی ایک یا چند اداروں سے متعلق اعتراضات کو بنیاد بنا کر ان تمام اداروں کے لیٹرز نہ روکے جائیں جن کی انسپکشن مقررہ طریقہ کار کے مطابق مکمل ہو چکی ہے۔ انہوں نے شفاف اور یکساں معیار اپناتے ہوئے ایکریڈیٹیشن کمیٹی کے بعد اہل اداروں کے لیٹرز فوری جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے، تاکہ نرسنگ سیکٹر میں بے یقینی ختم ہو اور طلبہ کے مستقبل کو متاثر ہونے سے بچایا جا سکے۔

پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل میں مبینہ ٹاؤٹ مافیا کا راج

ملک عثمان اور مشتاق سومرو کا نرسنگ کونسل میں گھنٹوں میں موجود رہنا منسٹری آف ہیلتھ اور نرسنگ کونسل کی شفافیت اور ساکھ پر سوالیہ نشان؟

ملک عثمان اور مشتاق سومرو کا نرسنگ کونسل کے احاطے میں طویل وقت گزارنے اور نرسنگ کونسل کے معاملے میں مبینہ مداخلت، رجسٹریشن، انسپکشن

ایکریڈیٹیشن کے معاملات میں آنیوالے افراد سے رابطے کرنے اور بعض معاملات میں وفاقی وزیر صحت اور دیگر سیاسی شخصیات کا نام استعمال کر کے اثر و رسوخ کا تاثر دیتے

ملازمین پر مبینہ دباؤ ڈالنے اور سابق اہلکاروں کیخلاف کارروائی کا حوالہ دیکر خوف پیدا کر کے ان سے اپنے ناجائز کام کروانے میں پیش پیش رہتا ہے

اسلام آباد (سرکار انوسٹی گیشن سیل) سرکار انوسٹی گیشن سیل کے ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل میں مبینہ ٹاؤٹ مافیا کا راج۔ ملک عثمان اور مشتاق سومرو کا نرسنگ کونسل میں گھنٹوں میں موجود رہنا منسٹری آف ہیلتھ اور نرسنگ کونسل کی شفافیت اور ساکھ پر سوالیہ نشان؟ ملک عثمان اور مشتاق سومرو کا نرسنگ کونسل کے احاطے میں طویل وقت گزارنے اور نرسنگ کونسل کے معاملے میں مبینہ مداخلت، رجسٹریشن، انسپکشن اور ایکریڈیٹیشن کے معاملات میں آنیوالے افراد سے رابطے کرنے اور بعض معاملات میں وفاقی وزیر صحت اور دیگر سیاسی شخصیات کا نام استعمال کر کے اثر و رسوخ کا تاثر دیتے۔ ملازمین پر مبینہ دباؤ ڈالنے اور سابق اہلکاروں کیخلاف کارروائی کا حوالہ دیکر خوف پیدا کر کے ان سے اپنے ناجائز کام کروانے میں پیش پیش رہتا ہے۔ روزنامہ سرکار کا انوسٹی گیشن سیل اس سلسلے میں اپنی تحقیقات اور موصول ثبوت و شواہد کے مطابق مشتاق سومرو اور عثمان ملک کے گھناؤنے کارناموں اور کرپشن کہانی کی داستان آئندہ کے شمارے میں شائع کریگا۔ قارئین سرکار پڑھنا نہ بھولیے گا۔



راولپنڈی، گنجمنڈی پل پر سیوریج لائن بچھانے کیلئے کی جانیوالی کھدائی کے باعث موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے

تھانہ روات چوکی بحریہ فیز 7 میں مبینہ جنسی استحصال کیس حقائق مسخ کرنے کیلئے نام نہاد ٹولہ متحرک

متاثرہ لڑکی) ان ظام (کو نوکری و شادی کا جھانسہ، ویڈیو ثبوت کے باوجود انصاف نہ ملا، ذرائع چند اہلکار ملزم کو بچا رہے ہیں

اصل حقائق کو پس پردہ رکھنے کے لیے نام نہادوں کا ایک ٹولہ اور مقامی چوکی کے چند اہلکار متحرک ہو گئے ہیں

واقعے کو مسخ کر کے اسے نیا رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی۔ معاملہ ایس ایس پی آپریشنل کے نوٹس میں

انسانی حقوق کی تنظیموں اور شہریوں نے آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی سی پی او راولپنڈی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

شیخ سعید نامی شخص نے اپنے آپ کو ملزم کا دوست متعارف کروا کر ویڈیو کلپ حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کی

اسلام آباد (اشفاق نحوی سے) راولپنڈی اسلام آباد کے سنگم پر واقع تھانہ روات چوکی بحریہ فیز 7 میں مبینہ جنسی استحصال کیس حقائق مسخ کرنے کے لیے نام نہاد ٹولہ متحرک، متاثرہ لڑکی) ان ظام (کو نوکری و شادی کا جھانسہ، ویڈیو ثبوت کے باوجود انصاف نہ ملا، ذرائع چند اہلکار ملزم کو بچا رہے ہیں، معاملہ ایس ایس پی آپریشنل کے نوٹس میں۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی اسلام آباد کے سنگم پر واقع تھانہ روات کی چوکی بحریہ فیز سیون میں پیش آنے والے مبینہ جنسی استحصال کے واقعے کو دبانے کی کوششیں تیز ہو گئیں، ذرائع کے مطابق متاثرہ ان ظام (کو نوکری اور شادی کا جھانسہ دے کر ستر سالہ سردار علی کی جانب سے مبینہ جنسی استحصال کا نشانہ بنایا گیا، واقعے کے ویڈیو ثبوت موجود ہونے کے باوجود متاثرہ کو ابھی تک انصاف نہیں مل سکا، ذرائع کا کہنا ہے کہ اصل حقائق کو پس پردہ رکھنے کے لیے نام نہادوں کا ایک ٹولہ اور مقامی چوکی کے چند اہلکار متحرک ہو گئے ہیں۔ واقعے کو مسخ کر کے اسے نیا رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ متاثرہ خاندان کا موقف ہے کہ متاثرہ لڑکی کا ویڈیو بیان بھی موجود ہے کہ سردار علی نے جنسی استحصال کیا ہے اور تمام تر تفصیلات ایس ایس پی آپریشنل کے نوٹس میں دے گئے اور ایس پی صدر کو بھی تمام حقائق اور ویڈیو ثبوت کے متعلق آگاہ کر دیا گیا تھا جس میں تفتیشی افسر منظور حسین بھی موجود تھے مگر پولیس کی جانب سے ابھی تک کوئی ٹھوس کارروائی سامنے نہیں آئی۔ اس پر موقف لینے کے لیے متعدد بار ایس ایچ او اور چوکی انچارج سے رابطہ کیا اور پیغام بھی کیے گئے مگر پولیس کی جانب سے کوئی جواب نہ ملا۔ انسانی حقوق کے تنظیموں اور شہریوں نے آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی سی پی او راولپنڈی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ متاثرہ کو انصاف ملے اور ملوث اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی ہو۔ واضح رہے کہ شیخ سعید نامی شخص نے اپنے آپ کو ملزم کا دوست متعارف کروا کر ویڈیو کلپ حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کی اس بابت میڈیا نمائندے نے ملزم سردار علی سے بھی رابطہ کرنے کی کوشش کی مگر رابطہ نہ ہو سکا

فیول ریلیف اسکیم: پیٹرولیم ڈیلرز نے کمشنر کراچی کو خط لکھ دیا

کراچی (این این آئی) فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے پیٹرولیم ڈیلرز نے کمشنر کراچی کو خط لکھ دیا۔ پی ڈی اے نے اسکیم پر کوآرڈینیشن اجلاس طلب کر لیا، خط میں ڈیلرز نے تحفظات پر کمشنر کراچی سے مشاورت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

چیف انجینئر کا پولیس لائن میں تعمیراتی کام کا جائزہ

بی اینڈ آر ڈویژن کے ایگزیکٹو انجینئر اور سب ڈویژنل آفیسر نے بریفنگ دی

کام کو معیار کے مطابق بروقت تکمیل تک پہنچایا جائے، انجینئر اقبال حسن

سکھر (بادشاہ نیوز) چیف انجینئر محکمہ مواصلات نے پولیس لائن سکھر کا تفصیلی دورہ کیا اور منصوبے کے بارے میں بی اینڈ آر ڈویژن سکھر کے ایگزیکٹو انجینئر اور سب ڈویژنل آفیسر نے بریفنگ دی۔ چیف انجینئر نے ہدایت کی کہ اس کام کو معیار کے مطابق بروقت تکمیل تک پہنچایا جائے تاکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)



لاہور، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ منصورہ میں "سپر لانگ مارچ" کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹائم سکیل پر پیشرفت نہ ہونے پر اساتذہ کو تشویش

اساتذہ طویل عرصے سے گریڈ 9 پر خدمات انجام دے رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سرکاری سکولوں میں فرائض انجام دینے والے بعض اساتذہ کے ٹائم اسکیل کے معاملے پر تاحال واضح پیش رفت سامنے نہ آنے پر اساتذہ میں تشویش پائی جاتی ہے بعض اساتذہ طویل عرصے سے تدریسی خدمات انجام دینے کے باوجود آج بھی گریڈ 9 میں اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں جو ان کی مسلسل خدمات اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے تناظر میں قابل توجہ امر سمجھا جاتا ہے۔ حلقوں کا کہنا ہے کہ ٹائم اسکیل کا مقصد طویل عرصے سے خدمات انجام دینے والے اہل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

قومی بچت کی اہم اسکیموں کی شرح منافع میں کمی

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے قومی بچت کی اہم اسکیموں، ڈیفنس اور بہبود سیونگز سرٹیفکیٹس کے منافع کی شرح میں کمی کر دی اور ستمبر 2026 کے نئے ریٹس جاری کر دیے ہیں۔ حکومت پاکستان نے قومی بچت (نیشنل سیونگز) کی معروف اسکیموں ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

سیاحوں کی رہنمائی، ٹورسٹ پولیس نے ذمہ داری سنبھال لی

سیاحتی مقامات، شاہراہوں پر تعینات اہلکار سیاحوں کی ہر ممکن مدد کر رہے ہیں

سیاحتی پولیس گلگت بلتستان مختلف سیاحتی مقامات پر ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو رہنمائی اور معاونت فراہم کر رہی ہے سیاحتی پولیس کے اہلکار اہم سیاحتی مقامات، شاہراہوں اور دیگر مقامات پر تعینات ہیں، جہاں وہ سیاحوں کو سفری راستوں، موسم کی صورتحال، مقامی معلومات اور دیگر ضروری امور کے حوالے سے رہنمائی فراہم کر رہے ہیں۔ سیاحتی پولیس کی جانب سے سیاحوں کو محفوظ سفر، ٹریفک قوانین کی پابندی اور موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی بھی ہدایات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

جماعت اسلامی احتجاج کرنا چاہتی ہے تو آبنائے ہرمز یا باب المندب جائے، حنا پرویز بٹ

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وومن پروٹیکشن اتھارٹی پنجاب حنا پرویز بٹ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی احتجاج کرنا چاہتی ہے تو آبنائے ہرمز یا باب المندب جا کر احتجاج کرے اور اسے کھلوائے تاکہ لاہور آ کر ایک سرکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

سیلز ٹیکس، ایکسائز ریٹرنز جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

شرط یہ ہے کہ واجب الادا سیلز ٹیکس وقت پر جمع کرایا گیا ہو، ایف بی آر



لاہور، ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ دینے کیلئے آنیوالے طلبہ کے ہمراہ آئے والدین انتظار گاہ میں موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ریٹرنز جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کر دی۔ ایف بی آر کی جانب سے اگست 2026 کے ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ بڑھا دی گئی ہے جس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

حرمین شریفین کا دفاع ہمارے لیے سرخ لکیر ہے، کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا: ہمایوں اختر خان

فیصل آباد / ٹاندلیانوالہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا دفاع ہمارے لیے سرخ لکیر ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

چیف آف دی نیول اسٹاف کا پاک بحریہ کی تنصیبات کا دورہ

مشق کے انعقاد کا مقصد میری ٹائم آپریشنز کے تمام پہلوؤں کی مشق کرنا اور عملی تیاری کو جانچنا ہے

کراچی (این این آئی) چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے میری ٹائم مشق سی اسپارک 2026 کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لیے سمندر میں موجود پاک بحریہ کے مختلف جہازوں اور کریکس کے علاقے میں تمام یونٹس اور تنصیبات کا دورہ کیا۔ مشق سی اسپارک 2026 جو کہ 1 ستمبر سے جاری ہے پاک بحریہ کی ایک اہم میری ٹائم مشق ہے، جو ہر دو سال بعد منعقد کی جاتی ہے۔ اس مشق کے انعقاد کا مقصد میری ٹائم آپریشنز کے تمام پہلوؤں کی مشق کرنا اور عملی تیاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

سیاسی جماعتوں کا احتجاج، وفاقی ہسپتالوں میں ہائی الرٹ

پمز، پولی کلینک میں میڈیکل و نان میڈیکل شعبوں سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی لگا دی گئی، ڈاکٹر شرجیل فوکل پرسن مقرر

ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت، ہائی الرٹ 30 ستمبر 2026 تک برقرار رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور مارچ کی کال پر وفاقی دارالحکومت کے اسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پمز اور پولی کلینک میں ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ میڈیکل و نان میڈیکل شعبوں کے سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی بھی لگا دی گئی ہے۔ ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی کی جانب سے اسلام آباد میں مہنگائی اور پیٹرولیم لیوی میں کمی کیلئے لانگ مارچ کا اعلان کیا گیا ہے جس کیلئے مختلف شہروں سے کارکنان ٹرین کے ذریعے اسلام آباد پہنچیں گے۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف نے بھی 27 ستمبر کو اسلام آباد میں احتجاج کی کال دی ہوئی ہے۔ وفاقی ہسپتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



سکرو، نمبردار یوسف پی ٹی آئی کے مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی احتجاج ریاست یا ادارے کیخلاف نہیں، نمبردار یوسف

اسلام آباد کے احتجاج کو کامیاب بنانے کے لیے ہر صورت شرکت کرینگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف ملتان ریجن کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت صدر ملتان ریجن یوسف نمبردار منعقد ہوا۔ اجلاس میں 27 ستمبر کو اسلام آباد میں ہونے والے احتجاج میں شرکت کے حوالے سے مختلف حکمت عملی پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ یہ ملک ہمارا ہے اور اس ملک کے تمام ادارے بھی ہمارے ہیں لہٰذا ہمارا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



لاہور، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین چینی قونصل جنرل کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

سندھ گورنمنٹ اسپتال شریف آباد سے 3 سالہ بچی لاپتا، مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) شریف آباد کے سندھ گورنمنٹ اسپتال سے 3 سالہ بچی عائشہ پراسرار طور پر لاپتا ہو گئی، پولیس نے نانی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تلاش شروع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

لاڑکانہ میں پہلا سندھ یوتھ آرچوئیٹی فیسٹیول اختتام پذیر

لاڑکانہ (این این آئی) وزیر کھیل سندھ سردار محمد بخش مہر کی ہدایت پر حکومت سندھ محکمہ کھیل و امور نوجوانان کے زیر اہتمام 2 روزہ پہلا سندھ یوتھ آرچوئیٹی فیسٹیول لاڑکانہ میں اختتام پذیر ہو گیا۔ شاہنواز بھٹو میموریل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

امیر البحر کا یونٹس، کریکس ایریا کا دورہ، سی سپارک مشق کا جائزہ

نیول چیف نے اہلکاروں سے ملاقات کی، پیشہ ورانہ مہارت، حوصلے کی تعریف

راولپنڈی (این این آئی) امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف نے سمندر میں پاک بحریہ کے یونٹس اور کریکس ایریا کا دورہ کیا اور سی سپارک 2026 بحری مشق کا جائزہ لیا اور آپریشنل تیاریوں کا معائنہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سی سپارک یکم ستمبر سے جاری ہے، مکمل بحری آپریشنز کی مشق کی جا رہی ہے، سی سپارک 2026 میں امن سے جنگی آپریشنز کی جانب فوری منتقلی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

پٹرولیم ریلیف عوام کے لیے امید کی کرن اور معاشی بہتری کا پیش خیمہ



تحریر: غلام مرتضیٰ ملک

حکومت پاکستان کی جانب سے پٹرولیم ریلیف کے اقدامات عوام کے لیے ایک مثبت اور خوش آئند پیش رفت ثابت ہو رہے ہیں۔ اقتصادی دباؤ، افراط زر اور روزمرہ کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے اس دور میں ایندھن کی قیمتوں میں کمی اور ریلیف کی فراہمی عام شہری کے لیے ایک بڑی سانس ثابت ہوئی ہے۔ موجودہ دور میں کسی بھی ملک کی معاشی ترقی اور عام شہری کی زندگی میں استحکام کا دارومدار ایندھن (پٹرول اور ڈیزل) کی قیمتوں سے براہ راست جڑا ہوتا ہے۔ پٹرول کی قیمت میں معمولی سی بھی تبدیلی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، کرایوں اور تجارتی مال برداری کے اخراجات پر فوراً اثر انداز ہوتی ہے۔ ایسے میں حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل کمی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا اقدام نہ صرف ہے بلکہ یہ معاشی اور سماجی سطح پر ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ عام آدمی کے بوجھ میں کمی گزشتہ کچھ عرصے سے عام شہری بالخصوص متوسط اور غریب طبقہ شدید معاشی دباؤ کا شکار رہا ہے۔ موٹر سائیکل سواروں، محنت کشوں، اور نوکری پیشہ افراد کے لیے روزانہ کے سفر کے اخراجات انتہائی دشوار ہوتا جا رہا تھا۔ حکومت کی جانب سے پٹرول پر فراہم کیا جانے والا حالیہ ریلیف براہ راست عوام کی جیب کو فائدہ پہنچا رہا ہے۔ جس سے ان کے ماہانہ بجٹ میں بہتری اور ریلیف دیکھنے کو ملا ہے۔ مہنگائی کے گراف میں کمی پٹرول کی قیمت میں کمی کا دوسرا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا ہے کہ مال برداری اور نقل و حمل کی لاگت میں واضح کمی واقع ہوئی ہے۔ جب زرعی پیداوار اور کارخانے کی مصنوعات کو منڈیوں تک پہنچانے کے اخراجات کم ہوتے ہیں تو اس کا اثر براہ راست اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر پڑتا ہے۔ اس اقدام سے منڈیوں میں سبزیوں، پھلوں اور دیگر ضروری چیزوں کے نرخوں پر مثبت اثرات مرتب ہونا شروع ہو گئے ہیں، جس سے افراط زر (Inflation) کی شرح میں واضح کمی کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ کاروباری طبقے اور صنعت کا اعتماد صنعت کاروں اور تاجر برادری کے لیے بھی ایندھن کی مناسب اور مستحکم قیمتیں انتہائی ضروری ہیں۔ پٹرولیم ریلیف کے باعث صنعتی پیداوار کی لاگت میں استحکام آیا ہے، جس سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ مل رہا ہے۔ سستا اور دستیاب ایندھن تجارتی پہیے کو تیزی سے گھومنے میں مدد دیتا ہے، جس کے نتیجے میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ مستقبل کی حکمت عملی اور تسلسل کی ضرورت اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت کا یہ قدم لائق تحسین اور عوام دوست ہے۔ تاہم اس ریلیف کے اثرات کو دیرپا بنانے کے لیے چند مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ پٹرول کی قیمتیں کم ہونے کے بعد پبلک ٹرانسپورٹ اور گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی باقاعدگی سے کمی کو یقینی بنایا جائے۔ مقامی سطح پر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو کم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کا فعال کردار ضروری ہے۔ پٹرولیم ریلیف کے ساتھ ساتھ سولر اور گرین انرجی کی طرف قدم بڑھانا بھی ملک کے معاشی مستقبل کے لیے بے حد ضروری ہے۔ حکومت کا پٹرولیم ریلیف کا اقدام ثابت کرتا ہے کہ اگر نیت اور معاشی حکمت عملی درست ہو تو سخت معاشی حالات میں بھی عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکتا ہے۔ یہ قدم نہ صرف غریب اور متوسط طبقے کے لیے امید کی کرن ہے بلکہ ملکی معیشت کی بحالی کے سفر کا ایک اہم موڑ بھی ہے۔ عوام اس بات کے متمنی ہیں کہ حکومت اسی عوامی جذبے کے ساتھ دیگر معاشی شعبوں میں بھی اصلاحات اور ریلیف کے اس سلسلے کو برقرار رکھے گی۔



لاہور، تعطیل کے روز صوبائی دارالحکومت کی مرکزی شاہراہ مال روڈ سنسان ہے

میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلوں کے لیے ٹیسٹ

ایم ڈی کیٹ لینے والے ادارے کے سربراہ خود شدید گرمی سے بیہوش ہو گئے

ٹیسٹ سینٹر میں موجود ڈاکٹرز نے انہیں فوری طبی امداد فراہم کی جس سے طبیعت سنبھل گئی

سکھر (این این آئی) ملک بھر کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلوں کے لیے ایم ڈی کیٹ میں لاکھوں طلب و طالبات نے شرکت کی۔ سکھر میں آئی بی اے کے تحت ایم ڈی کیٹ سے قبل وائس چانسلر سکھر آئی بی اے آصف شیخ کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی اور وہ بے ہوش ہو گئے۔ ٹیسٹ سینٹر میں موجود ڈاکٹرز نے انہیں فوری طبی امداد فراہم کی، جس کے بعد ان کی طبیعت سنبھل گئی۔ آئی بی اے کے تحت ہونے والے ٹیسٹ کے لیے اسلام آباد سمیت سندھ کے سات شہروں میں امتحانی مراکز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پنجاب ترقی اور عوامی فلاح میں دیگر صوبوں سے آگے نکل گیا: احسن افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ ترقی کے میدان میں دیگر صوبے پیچھے رہ گئے ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واضح برتری حاصل کر لی ہے۔ پنجاب ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کی سب سے بڑی مثال بن کر سامنے آیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

مریدکے، سلامت پورہ میں گھر میں سوئے میاں بیوی پر اندھا دھند فائرنگ، شوہر جاں بحق، اہلیہ شدید زخمی

کالا شاہ کاکو (این این آئی) مریدکے کے علاقے سلامت پورہ میں افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں مسلح ملزمان نے گھر میں سوئے ہوئے میاں بیوی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، فائرنگ کے نتیجے میں الیاس ولد طفیل موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ اس کی اہلیہ شدید زخمی ہو گئی۔ ترجمان پولیس کے مطابق ملزمان مبینہ طور پر گھر کی دیوار پھلانگ کر اندر داخل ہوئے اور سوئے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

پنجاب میں کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائیگا، عظمیٰ بخاری

وزیر اعلیٰ نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کیلئے کوابلیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

کینسر کے مریضوں کو طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا، بیان

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ لاہور کے بعد اب ملتان میں بھی کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کے لیے کوابلیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، جہاں کینسر کے ہر اسٹیج کے مریضوں کا مفت علاج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کینسر کے مریضوں کو علاج کے لیے طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، بلکہ مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ کینسر کے علاج کی یہ سہولت پنجاب میں صحت کے شعبے میں مریم نواز کا بڑا اقدام ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے بتایا کہ لاہور میں پاکستان کا سب سے بڑا ایک ہزار بستروں پر مشتمل نواز شریف کینسر ہسپتال بھی مکمل ہو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج عالمی یوم امن منایا جائے گا

نیویارک (این این آئی) دنیا کے مختلف خطوں میں جاری جنگوں، مسلح تنازعات اور بڑھتے ہوئے انسانی بحرانوں کے سائے میں آج (21 ستمبر) عالمی یوم امن منایا جائے گا۔ اس موقع پر جنگ و تشدد کے خاتمے، عالمی جنگ بندی، تنازعات کے پرامن حل، مکالمے اور سفارتی کوششوں کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا جائے گا۔ اقوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

FIA کا چھاپہ، غیر قانونی دستاویزات تیار کرنیوالا 16 رکنی گروہ گرفتار

کنسلٹنسی، کوریئر دفاتر پر چھاپے، جعلی اپوسٹل اسٹیکرز، مہریں، دستاویزات، ترسیل اور استعمال نیٹ ورک میں شامل 16 افراد زیر حراست

گرفتار افراد کا جسمانی ریمانڈ حاصل، نیٹ ورک سے منسلک دفتر خارجہ کے چھ عہدیداروں کی تلاش کے لیے چھاپے جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے (کے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد) نے وفاقی دارالحکومت میں متعدد کنسلٹنسی اور کوریئر دفاتر پر چھاپا مار کر مبینہ طور پر جعلی اپوسٹل اسٹیکرز، سرکاری مہروں اور دستاویزات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کے نیٹ ورک میں شامل 16 افراد کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ اس نیٹ ورک سے مبینہ طور پر منسلک دفتر خارجہ کے چھ عہدیداروں کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایف آئی اے کی جانب سے ایک بیان جاری کیا گیا جس میں کہا گیا کہ قابل اعتماد ذرائع کی بنیاد پر ادارے نے اسلام آباد کے علاقے آبپارہ میں واقع ایف ایٹ ایف پلازہ کے بیسمنٹ میں واقع متعدد کنسلٹنسی اور کوریئرز دفاتر پر چھاپہ مارا۔ بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



لاہور، کینال روڈ پر خواتین جلانے کیلئے لکڑیاں اکٹھی کر رہی ہیں

ڈھائی، ڈھائی سال حکومت کا فارمولا طے پایا تھا، سرفراز بگٹی کو برقرار رہنا چاہیے: زرک مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان وزارت اعلیٰ سمیت دیگر حکومتی معاملات پر ڈھائی ڈھائی سال کا فارمولا طے ہوا تھا تاہم موجودہ حالات میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں اس لیے میری ذاتی رائے ہے کہ انہیں ہی اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)



باکو، پاکستان کے رنگا رنگ روایتی ملبوسات، ٹرک آرٹ، زیورات اور دستکاری کے نمونے پیش ہیں

چیئرمین بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (کل) ای کچہری میں سوالات کے جوابات دیں گی

لاہور (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد کل (منگل) ای کچہری میں سوالات کے جوابات دیں گی۔ چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں شمولیت، امدادی رقوم کی ادائیگی سے متعلق سوالات کے جوابات دیں گی۔ لائیو ای کچہری 22 ستمبر بروز منگل دوپہر 11:30 بجے ہو گی جس کے لئے 051-9246421 پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



راولپنڈی، نالہ لئی کے کنارے ایک بچہ کچرے کے ڈھیر سے کار آمد اشیا تلاش کر رہا ہے

PN&MC، 157 نرسنگ کالجز کی انسپکشن مکمل، طاقتور حلقوں کا دو درجن سے زائد کالجز کو فوری منظور کرانے کے احکامات کا انکشاف

PN&MC کی جانب سے ملک بھر کے 157 نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیز کی قواعد و ضوابط پر مشتمل انسپکشن کے بعد بعض اعلیٰ سرکاری شخصیات، وزارت صحت کے افسران اور بیوروکریسی نے ایکریڈیٹیشن اور لیٹرز کے اجرا کیلئے نرسنگ کونسل پر دباؤ ڈالنا شروع کر دیا

ہر طاقتور شخصیت کی طرف سے اپنی اپنی لسٹ دھا دی گئی کہ فوراً سے پہلے ان نرسنگ کالجز کی ایکریڈیٹیشن کمیٹی کا عمل مکمل کر کے انہیں خطوط جاری کیے جائیں نیز دیگر نرسنگ کالجز کے معاملات روکنے یا ان کی انسپکشنز منسوخ کرنے کی ہدایات بھی دی جا رہی ہیں

جبکہ دیگر نرسنگ کالجز جو میرٹ پر موجود ہیں انہیں ایک مخصوص تعداد سے زائد کالجز کی انسپکشن منظور نہ ہونے کی صورت میں اپنی لاکھوں روپے دی گئی انسپکشن فیسز اور اپنے کالجز کے انتظامی معاملات کو چلانے کیلئے لگائی گئی خطیر رقم ڈوبتی ہوئی نظر آ رہی

اگر انسپکشن، ایکریڈیٹیشن اور منظوری کے معاملات میں نرسنگ کالجز کے لیے الگ الگ معیار اختیار کیا گیا تو اس سے نہ صرف میرٹ اور شفافیت پر سوالات اٹھیں گے بلکہ نرسنگ ریگولیٹری نظام کی ساکھ بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ ذرائع

اگر انسپکشن مقررہ رولز اینڈ ریگولیشنز کے تحت ہوئی ہے تو حتمی فیصلہ بھی انہی معیارات کی بنیاد پر ہونا چاہیے، نہ کہ مختلف شخصیات کی مبینہ سفارش کردہ فہرستوں کی بنیاد پر۔ ذرائع

کیا 157 نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیز کے لیے ایک ہی میرٹ اور ایک ہی معیار لاگو ہوگا یا ایکریڈیٹیشن کے مرحلے پر پک اینڈ چوز کی پالیسی اختیار کرتے ہوئے مبینہ سفارشی لسٹوں پر عمل درآمد کیا جائیگا؟

اسلام آباد (سرکار انوسٹی گیشن سیل) PN&MC، 157 نرسنگ کالجز کی انسپکشن مکمل، طاقتور حلقوں کا دو درجن سے زائد کالجز کو فوری منظور کرانے کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل (PN&MC) کے تحت نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیوں کی انسپکشن کے معاملے نے ایک بار پھر سنگین سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل کی جانب سے ملک بھر کے 157 نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیوں کی قواعد و ضوابط کے مطابق کرائی گئی انسپکشن کے بعد نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیز کی ایکریڈیٹیشن اور لیٹرز کے اجرا کے معاملے پر بعض اعلیٰ سرکاری شخصیات، وزارت صحت کے افسران اور بیوروکریسی نے نرسنگ کونسل پر دباؤ ڈالنا شروع کر دیا اور ہر طاقتور شخصیت کی طرف سے اپنی اپنی لسٹ دھا دی گئی ہے کہ فوراً سے پہلے ان نرسنگ کالجز کی ایکریڈیٹیشن کمیٹی کا عمل مکمل کر کے انہیں خطوط جاری کیے جائیں۔ ذرائع نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ طاقتور شخصیات کی طرف سے دیگر نرسنگ کالجز کے معاملات روکنے یا ان کی انسپکشنز منسوخ کرنے کی ہدایات بھی دی جا رہی ہیں۔ ان اطلاعات کے بعد دیگر ایسے نرسنگ کالجز جنہوں نے قانونی اور کونسل کے مقررہ تقاضے پورے کیے ہیں ان میں تشویش پائی جا رہی ہے کیونکہ ایک مخصوص تعداد سے زائد کالجز کی انسپکشن منظور نہ ہونے کی صورت میں انہیں لاکھوں روپے دی گئی انسپکشن فیسز اور اپنے کالجز کے انتظامی معاملات کو چلانے کیلئے لگائی گئی خطیر رقم ڈوبتی ہوئی نظر آ رہی ہے جس کی وجہ سے PN&MC اور وزارت صحت دونوں پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں کہ PN&MC اپنی سرکاری ویب سائٹ پر خود کو ایک independent regulatory authority قرار دیتی ہے اور اداروں کی انسپکشن، تعلیمی معیار اور منظوری سے متعلق ریگولیٹری ذمہ داریاں بیان کرتی ہے لیکن اگر انسپکشن، ایکریڈیٹیشن اور منظوری کے معاملات میں نرسنگ کالجز کے لیے الگ الگ معیار اختیار کیا گیا تو اس سے نہ صرف میرٹ اور شفافیت پر سوالات اٹھیں گے بلکہ نرسنگ ریگولیٹری نظام کی ساکھ بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ اس لئے میرٹ پر انسپکشن کرانے والے نرسنگ کالجز نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اگر انسپکشن مقررہ رولز اینڈ ریگولیشنز کے تحت ہوئی ہے تو حتمی فیصلہ بھی انہی معیارات کی بنیاد پر ہونا چاہیے، نہ کہ مختلف شخصیات کی مبینہ سفارش کردہ فہرستوں کی بنیاد پر۔ اب اصل سوال یہ ہے کہ کیا 157 نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیز کے لیے ایک ہی میرٹ اور ایک ہی معیار لاگو ہوگا یا ایکریڈیٹیشن کے مرحلے پر پک اینڈ چوز کی پالیسی اختیار کرتے ہوئے مبینہ سفارشی لسٹوں پر عمل درآمد کیا جائیگا۔ ان سوالات کا جواب وزیر صحت، سیکرٹری اور کونسل حکام کا موقف سامنے آنے کے بعد صورتحال مزید واضح ہو سکے گی۔

157 نرسنگ کالجز کی انسپکشن مکمل، لیٹرز کا اجرا رکنے سے ہزاروں طلبہ کا مستقبل داؤ پر؟

انسپکشن مکمل ہونے کے باوجود ایکریڈیٹیشن لیٹرز جاری نہ ہونے پر کالج مالکان اور طلبہ میں تشویش کی لہر

تحفظات ہیں تو سرپرائز وزٹ اور قانونی کارروائی کا اختیار موجود، چند اداروں کی بنیاد پر سب کا عمل روکنے پر سوالات اٹھ گئے

کالج مالکان کا وزارت صحت سے مطالبہ: ایکریڈیٹیشن کمیٹی کے بعد تمام اہل اداروں کو فوری لیٹرز جاری کیے جائیں

اسلام آباد (سرکار انوسٹی گیشن سیل) ملک بھر کے نرسنگ کالجز اور یونیورسٹیوں کے مالکان اور طلبہ نے حکومت اور وزارت صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ رولز و ریگولیشنز کے مطابق جن 157 نرسنگ کالجز و یونیورسٹیوں کی انسپکشن مکمل ہو چکی ہے، ان کے ایکریڈیٹیشن کمیٹی کے عمل کے بعد فوری طور پر لیٹرز جاری کیے جائیں۔ کالج مالکان کا کہنا ہے کہ انسپکشن کا عمل مکمل ہونے کے باوجود ایکریڈیٹیشن لیٹرز کے اجرا میں تاخیر سے اداروں کو چلانے میں مشکلات پیدا ہو رہی ہیں اور اس کا براہ راست اثر طلبہ کے تعلیمی مستقبل پر پڑ سکتا ہے۔ ان کا موقف ہے کہ اگر کسی ادارے کے حوالے سے معیار یا قواعد و ضوابط پر کوئی تحفظات موجود ہوں تو متعلقہ قانونی اختیار کے تحت سرپرائز وزٹ، دوبارہ معائنہ اور خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی کی جا سکتی ہے، تاہم تمام اداروں کو غیر معینہ مدت تک روکنا مناسب نہیں۔ نرسنگ کالجز کے مالکان اور طلبہ نے مطالبہ کیا ہے کہ کسی ایک یا چند اداروں سے متعلق اعتراضات کو بنیاد بنا کر ان تمام اداروں کے لیٹرز نہ روکے جائیں جن کی انسپکشن مقررہ طریقہ کار کے مطابق مکمل ہو چکی ہے۔ انہوں نے شفاف اور یکساں معیار اپناتے ہوئے ایکریڈیٹیشن کمیٹی کے بعد اہل اداروں کے لیٹرز فوری جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ نرسنگ سیکٹر میں ملک کے ہزاروں طلبہ کے مستقبل کو متاثر ہونے سے بچایا جا سکے۔

پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل میں مبینہ ٹاؤٹ مافیا کا راج

ملک عثمان اور مشتاق سومرو کا نرسنگ کونسل میں گھنٹوں میں موجود رہنا منسٹری آف ہیلتھ اور نرسنگ کونسل کی شفافیت اور ساکھ پر سوالیہ نشان؟

ملک عثمان اور مشتاق سومرو کا نرسنگ کونسل کے احاطے میں طویل وقت گزارنے اور نرسنگ کونسل کے معاملے میں مبینہ مداخلت، رجسٹریشن، انسپکشن

ایکریڈیٹیشن کے معاملات میں آنیوالے افراد سے رابطے کرنے اور بعض معاملات میں وفاقی وزیر صحت اور دیگر سیاسی شخصیات کا نام استعمال کر کے اثر و رسوخ کا تاثر دینے

ملازمین پر مبینہ دباؤ ڈالنے اور سابق اہلکاروں کیخلاف کارروائی کا حوالہ دیکر خوف پیدا کر کے ان سے اپنے ناجائز کام کروانے میں پیش پیش رہتا ہے

اسلام آباد (سرکار انوسٹی گیشن سیل) سرکار انوسٹی گیشن سیل کے ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل میں مبینہ ٹاؤٹ مافیا کا راج۔ ملک عثمان اور مشتاق سومرو کا نرسنگ کونسل میں گھنٹوں میں موجود رہنا منسٹری آف ہیلتھ اور نرسنگ کونسل کی شفافیت اور ساکھ پر سوالیہ نشان؟ ملک عثمان اور مشتاق سومرو کا نرسنگ کونسل کے احاطے میں طویل وقت گزارنے اور نرسنگ کونسل کے معاملے میں مبینہ مداخلت، رجسٹریشن، انسپکشن اور ایکریڈیٹیشن کے معاملات میں آنیوالے افراد سے رابطے کرنے اور بعض معاملات میں وفاقی وزیر صحت اور دیگر سیاسی شخصیات کا نام استعمال کر کے اثر و رسوخ کا تاثر دینے۔ ملازمین پر مبینہ دباؤ ڈالنے اور سابق اہلکاروں کیخلاف کارروائی کا حوالہ دیکر خوف پیدا کر کے ان سے اپنے ناجائز کام کروانے میں پیش پیش رہتا ہے۔ روزنامہ سرکار کا انوسٹی گیشن سیل اس سلسلے میں اپنی تحقیقات اور موصول ثبوت و شواہد کے مطابق مشتاق سومرو اور عثمان ملک کے گھناؤنے کارناموں اور کرپشن کہانی کی داستان آئندہ کے شمارے میں شائع کریگا۔ قارئین سرکار [illegible]



راولپنڈی، گنجمنڈی پل پر سیوریج لائن بچھانے کیلئے کی جانیوالی کھدائی کے باعث موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے

تھانہ روات چوکی بحریہ فیز 7 میں مبینہ جنسی استحصال کیس حقائق مسخ کرنے کیلئے نام نہاد ٹولہ متحرک

متاثرہ لڑکی) ان ظام (کو نوکری و شادی کا جھانسہ ویڈیو ثبوت کے باوجود انصاف نہ ملا، ذرائع چند اہلکار ملزم کو بچا رہے ہیں

اصل حقائق کو پس پردہ رکھنے کے لیے نام نہادوں کا ایک ٹولہ اور مقامی چوکی کے چند اہلکار متحرک ہو گئے ہیں

واقعے کو مسخ کر کے اسے ٹریپ کا رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی۔ معاملہ ایس ایس پی آپریشنل کے نوٹس میں

انسانی حقوق کی تنظیموں اور شہریوں نے آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی سی پی او راولپنڈی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

شیخ سعید نامی شخص نے اپنے آپ کو ملزم کا دوست متعارف کروا کر ویڈیو کلپ حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کی

اسلام آباد (اشفاق شاہ/عمران شاہ سے) راولپنڈی اسلام آباد کے سنگم پر واقع تھانہ روات چوکی بحریہ فیز 7 میں مبینہ جنسی استحصال کیس حقائق مسخ کرنے کے لیے نام نہاد ٹولہ متحرک۔ متاثرہ لڑکی) ان ظام (کو نوکری و شادی کا جھانسہ ویڈیو ثبوت کے باوجود انصاف نہ ملا، ذرائع چند اہلکار ملزم کو بچا رہے ہیں، معاملہ ایس ایس پی آپریشنل کے نوٹس میں تفصیلات کے مطابق راولپنڈی اسلام آباد کے سنگم پر واقع تھانہ روات کی چوکی بحریہ فیز 7 سے سامنے آنے والے مبینہ جنسی استحصال کے واقعے کو دبانے کی کوششیں تیز ہو گئیں ذرائع کے مطابق متاثرہ ان ظام (کو نوکری اور شادی کا جھانسہ دے کر ستر سالہ سردار علی کی جانب سے مبینہ جنسی استحصال کا نشانہ بنایا گیا واقعے کے ویڈیو ثبوت موجود ہونے کے باوجود متاثرہ کو ابھی تک انصاف نہیں مل سکا ذرائع کا کہنا ہے کہ اصل حقائق کو پس پردہ رکھنے کے لیے نام نہادوں کا ایک ٹولہ اور مقامی چوکی کے چند اہلکار متحرک ہو گئے ہیں۔ واقعے کو مسخ کر کے اسے ٹریپ کا رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ متاثرہ خاندان کا موقف ہے کہ متاثرہ لڑکی کا ویڈیو بیان بھی موجود ہے کہ سردار علی نے جنسی استحصال کیا ہے اور تمام تر تفصیلات ایس ایس پی آپریشنل کے نوٹس میں دے گئے اور ایس پی صدر کو بھی تمام حقائق اور ویڈیو ثبوت کے متعلق آگاہ کیا گیا جس پر انہوں نے پاس بیٹھے انسپکٹر کو ہدایت دیں تفتیشی افسر منظور حسین بھی موجود تھے مگر پولیس کی جانب سے ابھی تک کوئی ٹھوس کارروائی سامنے نہیں آئی اس پر موقف لینے کے لیے متعدد بار ایس ایچ او اور چوکی انچارج سے رابطہ کیا اور پیغام بھی بھیجے گئے مگر پولیس کی جانب سے کوئی جواب نہ ملا اس بارے پولیس کوئی موقف دینا چاہے تو سرکار حاضر ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیموں اور شہریوں نے آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی سی پی او راولپنڈی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ متاثرہ کو انصاف ملے اور غلط اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی ہو واضح رہے کہ شیخ سعید نامی شخص نے اپنے آپ کو ملزم کا دوست متعارف کروا کر ویڈیو کلپ حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کی اس بابت میڈیا نمائندے نے ملزم سردار علی سے بھی رابطہ کرنے کی کوشش کی مگر رابطہ نہ ہو سکا

فیول ریلیف اسکیم، پیٹرولیم ڈیلرز نے کمشنر کراچی کو خط لکھ دیا

کراچی (این این آئی) فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے پیٹرولیم ڈیلرز نے کمشنر کراچی کو خط لکھ دیا۔ پی ڈی اے نے اسکیم پر کوآرڈینیشن اجلاس طلب کرلیا، خط میں ڈیلرز نے تحفظات پر کمشنر کراچی سے مشاورت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

چیف انجینئر کا پولیس لائن میں تعمیراتی کام کا جائزہ

بی اینڈ آر ڈویژن کے ایگزیکٹو انجینئر اور سب ڈویژنل آفیسر نے بریفنگ دی

کام کو معیار کے مطابق بروقت تکمیل تک پہنچایا جائے، انجینئر اقبال حسن

سکھر (پاتال نیوز) چیف انجینئر محکمہ مواصلات لائن سکھر کا تفصیلی دورہ اور منصوبے کے بارے میں بی اینڈ آر ڈویژن سکھر کے ایگزیکٹو انجینئر اور سب ڈویژنل آفیسر نے بریفنگ دی۔ چیف انجینئر نے ہدایت کی کہ اس کام کو معیار کے مطابق بروقت تکمیل تک پہنچایا جائے تاکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)



لاہور، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ منصورہ میں "مسیر لانگ مارچ" کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹائم سکیل پر پیشرفت نہ ہونے پر اساتذہ کو تشویش

اساتذہ طویل عرصے سے گریڈ 9 پر خدمات انجام دے رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سرکاری سکولوں میں فرائض انجام دینے والے بعض اساتذہ کے ٹائم اسکیل کے معاملے پر تاحال واضح پیش رفت سامنے نہ آنے پر اساتذہ میں تشویش پائی جاتی ہے بعض اساتذہ طویل عرصے سے تدریسی خدمات انجام دینے کے باوجود آج بھی گریڈ 9 میں اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں جو ان کی مسلسل خدمات اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے تناظر میں قابل توجہ امر ہے متعلقہ حلقوں کا کہنا ہے کہ ٹائم اسکیل کا مقصد طویل عرصے سے خدمات انجام دینے والے اہل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

قومی بچت کی اہم اسکیموں کی شرح منافع میں کمی

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے قومی بچت کی اہم اسکیموں ڈیفنس اور بہبود سیونگز سرٹیفکیٹس کے منافع کی شرح میں کمی کر دی اور ستمبر 2026 کے نئے ریٹس جاری کر دیے ہیں۔ حکومت پاکستان نے قومی بچت (نیشنل سیونگز) کی معروف اسکیموں ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

سیاحوں کی رہنمائی، ٹورسٹ پولیس نے ذمہ داری سنبھال لی

سیاحتی مقامات، شاہراہوں پر تعینات اہلکار سیاحوں کی ہر ممکن مدد کر رہے ہیں

سیاحتی پولیس گلگت بلتستان مختلف سیاحتی مقامات پر ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو رہنمائی اور معاونت فراہم کر رہی ہے سیاحتی پولیس کے اہلکار اہم سیاحتی مقامات، شاہراہوں اور دیگر مقامات پر تعینات ہیں، جہاں وہ سیاحوں کو سفری راستوں، موسم کی صورتحال، مقامی معلومات اور دیگر ضروری امور کے حوالے سے رہنمائی فراہم کر رہے ہیں۔ سیاحتی پولیس کی جانب سے سیاحوں کو محفوظ سفر، ٹریفک قوانین کی پابندی اور موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی بھی ہدایات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

جماعت اسلامی احتجاج کرنا چاہتی ہے تو آبنائے ہرمز یا باب المندب جائے، حنا پرویز بٹ

لاہور (این این آئی) چیئر پرسن وومن پروٹیکشن اتھارٹی پنجاب حنا پرویز بٹ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی احتجاج کرنا چاہتی ہے تو آبنائے ہرمز یا باب المندب جا کر احتجاج کرے اور اسے کھلوائے تاکہ لاہور آ کر ایک سرکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

سیلز ٹیکس، ایکسائز ریٹرنز جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

شرط یہ ہے کہ واجب الادا سیلز ٹیکس وقت پر جمع کرایا گیا ہو، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ریٹرنز جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کر دی۔ ایف بی آر کی جانب سے اگست 2026 کے ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ بڑھا دی گئی ہے جس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)



لاہور، ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ دینے کیلئے آنیوالے طلبہ کے ہمراہ آنیوالے والدین انتظار گاہ میں موجود ہیں

حرمین شریفین کا دفاع ہمارے لیے سرخ لکیر ہے، کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، ہمایوں اختر خان

فیصل آباد/تاندلیانوالہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا دفاع ہمارے لیے سرخ لکیر ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

چیف آف دی نیول اسٹاف کا پاک بحریہ کی تنصیبات کا دورہ

مشق کے انعقاد کا مقصد میری ٹائم آپریشنز کے تمام پہلوؤں کی مشق کرنا اور عملی تیاری کو جانچنا ہے

کراچی (این این آئی) چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے میری ٹائم مشق سی اسپارک 2026 کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لیے سمندر میں موجود پاک بحریہ کے مختلف جہازوں اور کریکس کے علاقے میں تمام یونٹس اور تنصیبات کا دورہ کیا۔ مشق سی اسپارک 2026 جو کہ 1 ستمبر سے جاری ہے پاک بحریہ کی ایک اہم میری ٹائم مشق ہے، جو ہر دو سال بعد منعقد کی جاتی ہے۔ اس مشق کے انعقاد کا مقصد میری ٹائم آپریشنز کے تمام پہلوؤں کی مشق کرنا اور عملی تیاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

سیاسی جماعتوں کا احتجاج، وفاقی ہسپتالوں میں ہائی الرٹ

پمز، پولی کلینک میں میڈیکل و نان میڈیکل شعبوں سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی لگا دی گئی، ڈاکٹر شرجیل فوکل پرسن مقرر

ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت، ہائی الرٹ 30 ستمبر 2026 تک برقرار رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور مارچ کی کال پر وفاقی دارالحکومت کے اسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پمز اور پولی کلینک میں ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ میڈیکل و نان میڈیکل شعبوں کے سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی بھی لگا دی گئی ہے۔ ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی کی جانب سے اسلام آباد میں مہنگائی اور پیٹرولیم لیوی میں کمی کیلئے لانگ مارچ کا اعلان کیا گیا ہے جس کیلئے مختلف شہروں سے کارکنان ٹرین کے ذریعے اسلام آباد پہنچیں گے۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف نے بھی 27 ستمبر کو اسلام آباد میں احتجاج کی کال دی ہوئی ہے۔ وفاقی اسپتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



لاہور، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین چینی قونصل جنرل کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

سندھ گورنمنٹ اسپتال شریف آباد سے 3 سالہ بچی لاپتا، مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) شریف آباد کے سندھ گورنمنٹ اسپتال سے 3 سالہ بچی عائشہ پراسرار طور پر لاپتا ہوگئی، پولیس نے نانی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تلاش شروع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

لاڑکانہ میں پہلا سندھ یوتھ آرچوئیٹی فیسٹیول اختتام پذیر

لاڑکانہ (این این آئی) وزیر کھیل سندھ سردار محمد بخش مہر کی ہدایت پر حکومت سندھ محکمہ کھیل و امور نوجوانان کے زیر اہتمام 2 روزہ پہلا سندھ یوتھ آرچوئیٹی فیسٹیول لاڑکانہ میں اختتام پذیر ہو گیا۔ شاہنواز بھٹو میموریل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



سکردو، نمبردار یوسف پی ٹی آئی کے مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی احتجاج ریاست یا ادارے کیخلاف نہیں، نمبردار یوسف

اسلام آباد کے احتجاج کو کامیاب بنانے کے لیے ہر صورت شرکت کرینگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلتستان ریجن کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت صدر بلتستان ریجن یوسف نمبردار منعقد ہوا۔ اجلاس میں 27 ستمبر کو اسلام آباد میں ہونے والے احتجاج میں شرکت کے حوالے سے مختلف حکمت عملی پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ یہ ملک ہمارا ہے اور اس ملک کے تمام ادارے بھی ہمارے ہیں لہٰذا ہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

امیر البحر کا یونٹس، کریکس ایریا کا دورہ، سی اسپارک مشق کا جائزہ

نیول چیف نے اہلکاروں سے ملاقات کی، پیشہ ورانہ مہارت، حوصلے کی تعریف

راولپنڈی (این این آئی) امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف نے سمندر میں پاک بحریہ کی یونٹس اور کریکس ایریا کا دورہ کیا اور سی اسپارک 2026 بحری مشق کا جائزہ لیا اور آپریشنل تیاریوں کا معائنہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سی اسپارک یکم ستمبر سے جاری ہے، مکمل بحری آپریشنز کی مشق کی جا رہی ہے، سی اسپارک 2026 میں امن سے جنگی آپریشنز کی جانب فوری منتقلی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



لاہور، تعطیل کے روز صوبائی دارالحکومت کی مرکزی شاہراہ مال روڈ سنسان ہے

پٹرولیم ریلیف عوام کے لیے امید کی کرن اور معاشی بہتری کا پیش خیمہ



تحریر: غلام مرتضیٰ ملک

حکومت پاکستان کی جانب سے پٹرولیم ریلیف کے اقدامات عوام کے لیے ایک مثبت اور خوش آئند پیش رفت ثابت ہو رہے ہیں۔ اقتصادی دباؤ، افراط زر اور روزمرہ کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے اس دور میں ایندھن کی قیمتوں میں کمی اور ریلیف کی فراہمی عام شہری کے لیے ایک بڑی سانس ثابت ہوئی ہے۔ موجودہ دور میں کسی بھی ملک کی معاشی ترقی اور عام شہری کی زندگی میں استحکام کا دار و مدار ایندھن (پٹرول اور ڈیزل) کی قیمتوں سے براہ راست جڑا ہوتا ہے۔ پٹرول کی قیمت میں معمولی سی بھی تبدیلی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، کرایوں اور تجارتی مال برداری کے اخراجات پر فوراً اثر انداز ہوتی ہے۔ ایسے میں حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل کمی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا اقدام نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ یہ معاشی اور سماجی سطح پر ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ عام آدمی کے بوجھ میں کمی گزشتہ کچھ عرصے سے عام شہری بالخصوص متوسط اور غریب طبقہ شدید معاشی دباؤ کا شکار رہا ہے۔ موٹر سائیکل سواروں، محنت کشوں، اور نوکری پیشہ افراد کے لیے روزانہ کے سفر کے اخراجات کا ناقابل برداشت بوجھ بنتا جا رہا تھا۔ حکومت کی جانب سے پٹرول پر فراہم کیا جانے والا حالیہ ریلیف براہ راست عوام کی جیب کو فائدہ پہنچا رہا ہے، جس سے ان کے ماہانہ بجٹ میں بہتری اور ریلیف دیکھنے کو ملا ہے۔ مہنگائی کے گراف میں کمی پٹرول کی قیمت میں کمی کا دور رس سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا ہے کہ مال برداری اور نقل و حمل کی لاگت میں واضح کمی واقع ہوئی ہے۔ جب زرعی پیداوار اور کارخانے کی مصنوعات کو منڈیوں تک پہنچانے کے اخراجات کم ہوتے ہیں تو اس کا اثر براہ راست اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر پڑتا ہے۔ اس اقدام سے منڈیوں میں سبزیوں، پھلوں اور دیگر ضروری چیزوں کے نرخوں پر مثبت اثرات مرتب ہونا شروع ہو گئے ہیں، جس سے افراط زر (Inflation) کی شرح میں واضح کمی کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ کاروباری طبقے اور صنعت کا اعتماد صنعت کاروں اور تاجر برادری کے لیے بھی ایندھن کی مناسب اور مستحکم قیمتیں انتہائی ضروری ہیں۔ پٹرولیم ریلیف کے باعث صنعتی پیداوار کی لاگت میں استحکام آیا ہے، جس سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ مل رہا ہے۔ سستا اور دستیاب ایندھن تجارتی پہیے کو تیزی سے گھومنے میں مدد دیتا ہے، جس کے نتیجے میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ مستقبل کی حکمت عملی اور تسلسل کی ضرورت اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت کا یہ قدم لائق تحسین اور عوام دوست ہے۔ تاہم اس ریلیف کے اثرات کو دیرپا بنانے کے لیے چند مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ پٹرول کی قیمتیں کم ہونے کے بعد پبلک ٹرانسپورٹ اور گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی باقاعدگی سے کمی کو یقینی بنایا جائے۔ مقامی سطح پر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو کم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کا فعال کردار ضروری ہے۔ پٹرولیم ریلیف کے ساتھ ساتھ سولر اور گرین انرجی کی طرف قدم بڑھانا بھی ملک کے معاشی مستقبل کے لیے بے حد ضروری ہے۔ حکومت کا پٹرولیم ریلیف کا اقدام ثابت کرتا ہے کہ اگر نیت اور معاشی حکمت عملی درست ہو تو سخت معاشی حالات میں بھی عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکتا ہے۔ یہ قدم نہ صرف غریب اور متوسط طبقے کے لیے امید کی کرن ہے بلکہ ملکی معیشت کی بحالی کے سفر کا ایک اہم موڑ بھی ہے۔ عوام اس بات کے متمنی ہیں کہ حکومت اسی عوامی جذبے کے ساتھ دیگر معاشی شعبوں میں بھی اصلاحات اور ریلیف کے اس سلسلے کو برقرار رکھے گی۔

میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلوں کے لیے ٹیسٹ

ایم ڈی کیٹ لینے والے ادارے کے سربراہ خود شدید گرمی سے بیہوش ہو گئے

ٹیسٹ سینٹر میں موجود ڈاکٹرز نے انہیں فوری طبی امداد فراہم کی جس سے طبیعت سنبھل گئی

سکھر (این این آئی) ملک بھر کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلوں کے لیے ایم ڈی کیٹ میں لاکھوں طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ سکھر میں آئی بی اے کے تحت ایم ڈی کیٹ سے قبل وائس چانسلر سکھر آئی بی اے آصف شیخ کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی اور وہ بے ہوش ہو گئے۔ ٹیسٹ سینٹر میں موجود ڈاکٹرز نے انہیں فوری طبی امداد فراہم کی، جس کے بعد ان کی طبیعت سنبھل گئی۔ آئی بی اے کے تحت ہونے والے ٹیسٹ کے لیے اسلام آباد سمیت سندھ کے سات شہروں میں امتحانی مراکز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پنجاب ترقی اور عوامی فلاح میں دیگر صوبوں سے آگے نکل گیا، احسن افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ ترقی کے میدان میں دیگر صوبے پیچھے رہ گئے ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واضح برتری حاصل کر لی ہے۔ پنجاب ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کی سب سے بڑی مثال بن کر سامنے آیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

FIA کا چھاپہ، غیر قانونی دستاویزات تیار کرنیوالا 16 رکنی گروہ گرفتار

کنسلٹنسی، کوریئر دفاتر پر چھاپے، جعلی اپوسٹل اسٹیکرز، مہریں، دستاویزات، ترسیل اور استعمال نیٹ ورک میں شامل 16 افراد زیر حراست

گرفتار افراد کا جسمانی ریمانڈ حاصل، نیٹ ورک سے منسلک دفتر خارجہ کے چھ عہدیداروں کی تلاش کے لیے چھاپے جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں متعدد کنسلٹنسی اور کوریئر دفاتر پر چھاپہ مار کر مبینہ طور پر جعلی اپوسٹل اسٹیکرز، سرکاری مہروں اور دستاویزات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کے نیٹ ورک میں شامل 16 افراد کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ اس نیٹ ورک سے مبینہ طور پر منسلک دفتر خارجہ کے چھ عہدیداروں کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایف آئی اے کی جانب سے ایک بیان جاری کیا گیا جس میں کہا گیا کہ قابل اعتماد ذرائع کی بنیاد پر ادارے نے اسلام آباد کے علاقے آبپارہ میں واقع ایف ایٹ ایف پلازہ کے بیسمنٹ میں واقع متعدد کنسلٹنسی اور کوریئر دفاتر پر چھاپہ مارا۔ بیان میں کہا گیا کہ کارروائی کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

مریدکے، سلامت پورہ میں گھر میں سوئے میاں بیوی پر اندھا دھند فائرنگ، شوہر جاں بحق، اہلیہ شدید زخمی

کالا شاہ کاکو (این این آئی) مریدکے کے علاقے سلامت پورہ میں افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں مسلح ملزمان نے گھر میں سوئے ہوئے میاں بیوی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، فائرنگ کے نتیجے میں الیاس ولد طفیل موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ اس کی اہلیہ شدید زخمی ہو گئی۔ ترجمان پولیس کے مطابق ملزمان مبینہ طور پر گھر کی دیوار پھلانگ کر اندر داخل ہوئے اور سوئے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

پنجاب میں کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائیگا، عظمیٰ بخاری

وزیر اعلیٰ نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کیلئے کوابلیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

کینسر کے مریضوں کو طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا، بیان

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ لاہور کے بعد اب ملتان میں بھی کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کے لیے کوابلیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، جہاں کینسر کے ہر اسٹیج کے مریضوں کا مفت علاج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کینسر کے مریضوں کو علاج کے لیے طویل تاریخیں نہیں دی جائیں گی، بلکہ مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں مکمل ہوگا۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ کینسر کے علاج کی یہ سہولت پنجاب میں صحت کے شعبے میں مریم نواز کا بڑا اقدام ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے بتایا کہ لاہور میں پاکستان کا سب سے بڑا ایک ہزار بستروں پر مشتمل نواز شریف کینسر ہسپتال بھی مکمل ہو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج عالمی یوم امن منایا جائے گا

بنکریو (این این آئی) دنیا کے مختلف خطوں میں جاری جنگوں، مسلح تنازعات اور بڑھتے ہوئے انسانی بحرانوں کے سائے میں آج (21 ستمبر) عالمی یوم امن منایا جائے گا۔ اس موقع پر جنگ و تشدد کے خاتمے، عالمی جنگ بندی، تنازعات کے پرامن حل، مکالمے اور سفارتی کوششوں کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا جائے گا۔ اقوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



لاہور، کینال روڈ پر خواتین جلانے کیلئے لکڑیاں اکٹھی کر رہی ہیں

ڈھائی، ڈھائی سال حکومت کا فارمولا طے پایا تھا، سرفراز بگٹی کو برقرار رہنا چاہیے، زرک مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان وزارت اعلیٰ سمیت دیگر حکومتی معاملات پر ڈھائی، ڈھائی سال کا فارمولا طے ہوا تھا تاہم موجودہ حالات میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں اس لیے میری ذاتی رائے ہے کہ انہیں ہی اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)



باکو، پاکستان کے رنگا رنگ روایتی ملبوسات، ٹرک آرٹ، زیورات اور دستکاری کے نمونے پیش ہیں

چیئرمین بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (کل) ای کچہری میں سوالات کے جوابات دیں گی

لاہور (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد کل (منگل) ای کچہری میں سوالات کے جوابات دیں گی۔ چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں شمولیت، امدادی رقوم کی ادائیگی سے متعلق سوالات کے جوابات دیں گی۔ لائیو ای کچہری 22 ستمبر بروز منگل دوپہر 11:30 بجے ہوگی جس کے لئے 051-9246421 پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



راولپنڈی، نالہ لئی کے کنارے ایک بچہ کچرے کے ڈھیر سے کارآمد اشیا تلاش کر رہا ہے